News Release
نیوز ریلیز

Ministry of the Attorney General
وزارت اٹارنی جنرل

فوری ریلیز کے لئے
فروری 26، 2006 ء

میک گوئنٹی حکومت (MCGUINTY GOVERNMENT) اونٹاریومیں انسانی حقوق کے تحفظ کو مضبوط بنا رہی ہے

عوام کی بہتر خدمت کیلئے، قانون سازی انسانی حقوق کے نظام کو جدید بنائے گی

ٹورانٹو – میک گوئنٹی حکومت (McGuinty government) نے ایک قانون متعارف کروایا ہےجو، اگر پاس ہوگیا، تواونٹاریو میں انسانی حقوق کی ترقی، پیش قدمی اوراسکے زیر عمل لانے کو بہتر اور مضبوط بنائے گا۔اٹارنی جنرل مائیکل برائنٹ (Michael Bryant) نے آج اعلان کیا۔

ہماری حکومت نے انسانی حقو ق کے فروغ کیلئے، ناروا سلوک کے خلاف لڑنے اور غیرمحفوظ کومحفوظ بنانے کا عزم کر رکھاہے ، برائنٹ نے کہا۔ ایک جدید اونٹاریو ہیومن رائٹس کمیشن انسانی حقوق کا نسبتا مضبوط چیمپئین بنے گا، جس کی توجہ نارواسلوک کو روکنے پر مرکوز ہوگی، جبکہ انفرادی تنازعات کے منصفانہ ، سریع اور مؤثر حل کیلئے اونٹاریو کے ہیومن رائٹس ٹریبونل کو نسبتا زیادہ اختیارات دئیے جائیں گے۔

مجوزہ انسانی حقو ق کے مجموعہ قوانین و ضوابط میں ترمیم کے ایکٹ 2006ء کے تحت، اونٹاریو کے انسانی حقوق کانظام مندرجہ ذیل طریقوں سے بہتر ہوجائے گا:

- اپنے کام کو مستقبل کے مسائل سے نمٹنے کیلئے پیشگی اقدامات جیسے که عوامی آگاہی، نظم وضبط کی وکالت، فروغ ،تحقیق وتجزیه کرنے پر مرکوز کرکے ناروا سلوک کو روکنے میں اونٹاریو ہیومن رائٹس کمیشن (اوایچ آرسی)کے کردار کومضبوط کرنا

- ایک ترقی یافته ہیومن رائٹس ٹریبونل آف اونٹاریو (ایچ آر ٹی او) میں ثالثی کے ذریعے، قانونی اور عمل درآمد کے ذریعے سریع اور مؤثر طور پر حل کرنے کیلئے، نارواسلوک کےدعوی جات براہ راست دائر کرنے کی اجازت دینا

- ایک نیا ہیومن رائٹس لیگل سپورٹ سینٹر تعمیرکرنا جوان لوگوں کیلئے معلومات ، سہارا، مشورہ ، مدد اور قانونی نمائندگی فراہم کرے گا جو ٹریبونل کے سامنے تدارک کے متلاشی ہیں ۔
- او ایچ آر سی (OHRC)کے اندر اندر دو نئے سیکریٹرئیٹ قائم کرنا، ایک نسلی تعصب کےخلاف سیکریٹیریٹ اور ایک معذوری کے حقوق کیلئے سیکریٹیریٹ

ایک ایسے تجدید شدہ انسانی حقوق کے نظام کو قائم کرنےکیلئے جو انسانی حقوق میں اونٹاریو کی پوزیشن کو بحیثیت بین الاقوامی رہنماکےبرقرار رکھے، کمیشن حکومت کے ساتھ مل کرکام کرتا رہےگا، باربرا ہال (Barbara Hall) نے کہا، جو اوایچ آر سی کی چیف کمشنر ہیں ۔

قانون کے تحت ، اونٹاریو میں رہنے والے اپن انسانی حقوق کی شکایات کو سریع ، مستعد اور مؤثر طور پر حل کروانے کے قابل ہوں گے ، مائیکل گوتھیل نے کہا (Michael Gottheil)، جو ایچ آر ٹی او کے چیئر ہیں۔ میں ان کے نفاذ کیلئے حکومت کے ساتھ مل کر کام کرنے کا منتظر ہوں

میں انسانی حقوق کے نظام کو بہتربنانے پر اٹارنی جنرل کی قانون سازی پر تحسین و آفرین کہتی ہوں، روتھ کیری (Ruth Carey) نے کہا، جو ایچ آئی وی اینڈ ایڈز لیگل کلینک (اونٹاریو)کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہیں ۔ ہیومن رائٹس اور کمیونٹی گروپ اس کے لئے بہت سے سالوں سے کہہ رہے تھے۔ ہم انسانی حقوق کیلئے حکومت کے عزم کو خوش آمدید کہتے ہیں۔

ہم اپنے انسانی حقوق کے نظام میں تبدیلی کی آوازوں پر عمل کر رہے ہیں جو ایک عشرے سے سنائی دے رہی تھیں ، برائنٹ (Bryant) نےکہا۔ یہ نیا قانون اس بات کو یقینی بنائے گاکہ نظام عوام کیلئے خدمات کو بہتر بناتا ہے اور انسانی حقوق کو اس صوبے میں ترقی یافتہ بناتا ہے۔

-30-

رابطے :
گریگ کرون (Greg Crone)
دفتر وزیر (Minister's Office)
(416) 326-1785

برینڈن کرالے (Brendan Crawley)
کمیونیکیشنز برانچ (Communications Branch)
(416) 326-2210

www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca

یہ دستاویز 14زبانوں میں www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca پر دستیاب ہے

ٹیلیفون پر معلومات عامہ: **416-326-2220** یا **1-800-518-7901**

اس دستاویز کی عبارت سننے کیلئے، نابیناافراد اوپر دئیے ہوئے فون نمبروں پر کال کریں

درخواست کرنے پر یہ دستاویزBrailleمیں دستیاب ہے

ٹی ٹی وائی : **416-326-4012**